# سلی میرین

## امراض جگر میں امید کی کرن




محققین و مصنفین:

پروفیسر ڈاکٹر خلیل الرحمٰن

ڈاکٹر نازش جہاں



دفتر جامعہ کتب رسائل وجرائد، جامعہ زرعیہ فیصل آباد


(BIC) کے ذریعے Silymarin کی Extraction کے لیے ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ایک Survey کے مطابق تقریباً 5 فیصد آبادی Hepatitis C کی مریض ہے۔ یعنی کہ ہر 20 میں سے ایک فرد اس مرض میں مبتلا ہے۔ اسکی Prevalence کئی علاقوں میں بہت زیادہ ہو چکی ہے۔ اسطرح یہ مرض پوری قوم کے لیے خوف کی کیفیت بن چکی ہے۔ ایسی صورت حال میں کسان، ہربل دوا ساز کمپنیاں، بزنس، کمیونٹی، معالجین اور سائنسی محققین ملکر ساری کمیونٹی کو اس خوف سے نجات دلا سکتے ہیں اور اس کار خیر میں زرعی یونیورسٹی پیش پیش ہے۔

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد




Office of University Books & Magazines (OUBM)

Publisher: **Prof. Dr. Shahzad Maqsood Ahmed Basra**
Editorial Assistance: **Khalid Saleem Khan, Azmat Ali**
Designed by: **Muhammad Asif** (University Artist)
Composed by: **Muhammad Ismail**

Price: Rs. 10/-

# سلی میرین

## امراض جگر میں امید کی کرن

Silybum Mariaum جسے عام طور پر ملک تھسل اور اونٹ کٹارا کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ ایک خاردار پودا ہے اور قدرت نے اِن خاروں کے درمیان سفید اور کاسنی رنگ کے پھولوں سے بننے والے بیجوں میں نہایت کارآمد Flavonoid کی کثیر مقدار پنہاں رکھی ہے بالخصوص Silymarin جو کہ دراصل با صلاحیت Hepatoprotective Flavonoid ہے اسی پودے کے بیج پیدا کر رہے ہیں۔ اس کا استعمال ہزاروں برسوں سے امراضِ جگر کو ٹھیک کرنے اور خون کی صفائی کے طور پر ہوتا رہا ہے۔

Silybum Mariaum ایسا با کمال پودا ہے جسکے پتے، جڑ، بیج یعنی تمام اجزاء بطور علاج استعمال کئے جاتے ہیں۔ مگر بطور Hepatoprotective صرف بیج ہی زیادہ اہمیت کے حامل ہیں کیونکہ یہی وہ حصہ ہے جس میں Silymarin اپنی مختلف اقسام یعنی Silycristin, Silydianin, Silibinin اور Silybin وغیرہ کی صورت میں موجود ہے۔

Hepatitis ایک مرض ہی نہیں بلکہ خوف کی کیفیت بن چکی ہے۔ جسکی لپیٹ میں تقریباً پوری قوم مبتلا ہے۔ Hepatitis کی تو کئی ایک اقسام ہیں مگر Hepatitis بی اور سی زیادہ خطرناک ہیں۔ بالخصوص Hepatitis C کے بہت زیادہ پھیلاؤ کی وجہ سے قومی صحت کے لیے خطرہ کی گھنٹی بج رہی ہے۔ Hepatitis کے پھیلاؤ کی وجوہات پر قابو پانا بہت اہمیت کا حامل ہے۔ مگر جو افراد اس مرض کی اذیت میں مبتلا ہو چکے ہیں انکے مرہم کا انتظام بھی اہم قومی فریضہ ہے۔ Hepatitis C کی موجودگی تو ایک خطرہ ہے مگر اسکی پیچیدگیاں حقیقتاً خوفناک معاملہ ہے جسکا انجام سوائے موت کے کچھ نہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق ہر پانچ منٹ کے بعد ایک موت اسی کی وجہ سے ہو رہی ہے۔ ایسی صورت حال میں جو علاج ایلوپیتھی میں موجود ہیں اسکے مضر اثرات کی وجہ سے کئی ایک Limitations ہیں۔ Alternative طریقہ علاج میں قدرت نے مختلف پودوں میں Hepatoprotective Potential تو رکھا ہے مگر سائنسی بنیادوں پر اسکی تحقیق بہت ضروری ہے۔ ہم نے ان تمام چیزوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ملک تھسل کی کاشت سے لیکر سلی میرین کی Extraction کے مراحل سے گزر کر Final Product تک کی کامیاب کوشش کی ہے۔ اس لیے یہ معالجین اور بالخصوص امراضِ جگر میں مبتلا افراد کے لیے امید کی کرن بھی ہے مزید برآں یہ ایک ایسی کامیاب کوشش ہے کہ اس سے کاشتکار، صنعتکار اور ہربل دوا ساز وغیرہ تمام مستفید ہو سکتے ہیں۔ ان تمام افراد کی راہنمائی کیلئے یونیورسٹی ہر وقت تیار ہے اور مختصر سی معلومات ان کے لئے درج ذیل ہیں۔

کسان بھائیوں کے لیے اس میں ضروری معلومات درج ذیل ہیں۔

### وقت کاشت

نومبر تا دسمبر

### کاشت کا طریقہ

کھالیوں کے اوپر تقریباً 3 سے 4 فٹ انڑ اور انڑا صف کے فاصلے پر بیج کو اگایا جاتا ہے۔

### آب پاشی

تقریباً 3 سے 5 پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ پانی کا وقفہ 15 سے 25 دن تک کا ہو سکتا ہے۔

### کھاد

اسکی کاشت کے لیے کوئی اضافی کھاد کی ضرورت نہیں ہوتی مگر یوریا کا استعمال پیداوار کو بڑھا سکتا ہے۔

### کٹائی

فروری مارچ میں پھول نکلنے شروع ہو جاتے ہیں اور مئی میں کٹائی کی جاتی ہے۔

ملک تھسل کے بیج سے Silymarin کی Extraction کے مختلف طریقے موجود ہیں اور ہم دوا ساز کمپنیوں کو مدعو کرتے ہیں کہ وہ Business Incubation Center